**Fazil/Tausif**

**18-08-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں                    محمد عمار

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- مہاراشٹر کے گورنر سی پی رادھا کرشنن، نائب صدر جمہوریہ کے انتخاب کے لیے، **NDA** کے امیدوار ہوں گے۔

2- وزیر اعظم نریندر مودی نے یہ کہتے ہوئے اِس فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے کہ جناب رادھا کرشنن نے ہمیشہ سماجی خدمت اور پسماندہ طبقوں کو بااختیار بنانے پر توجہ مرکوز کی ہے۔

3- انتخابی کمیشن نے خصوصی تفصیلی نظرثانی کے بعد بہار چناوٗ فہرست کے مسودے سے نکالے گئے **65** لاکھ ووٹروں کی فہرست جاری کردی ہے۔

4- چین کے وزیر خارجہ **Wang Yi** آج سے بھارت کا **2** روزہ دورہ کر رہے ہیں۔

5- سرکردہ یوروپی رہنماء آج واشنگٹن میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور یوکرین کے صدر وولودیمیر زیلینسکی کے درمیان ہونے والی اہم میٹنگ میں شرکت کریں گے۔

6- اور بھارت کے نیزا پھینکنے کے مایۂ ناز ایتھلیٹ نیرج چوپڑا نے ڈائمنڈ لیگ **2025** کے فائنل کے لیے کوالیفائی کرلیا ہے۔ یہ مقابلہ زیورِخ میں **27** اور **28** کو ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Rev. NDA VP Candidate

مہاراشٹر کے گورنر سی پی رادھا کرشنن، نائب صدر جمہوریہ کے آئندہ انتخاب کے لیے، **NDA** کے امیدوار ہوں گے۔ بی جے پی کے قومی صدر اور مرکزی وزیر جے پی نڈا نے یہ اعلان کل نئی دلّی میں، پارٹی صدر دفتر میں، بی جے پی پارلیمانی بورڈ کی میٹنگ کے بعد میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

جناب نڈا نے کہا کہ **NDA** کے سبھی ساتھیوں نے اِس فیصلے کی حمایت کی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بی جے پی کا مقصد سبھی پارٹیوں کے ساتھ تال میل قائم کرنا ہے تا کہ اِس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ نائب صدر جمہوریہ کے انتخاب کے معاملے پر اتفاق رائے قائم کیا جاسکے۔ جناب نڈا نے کہا کہ پچھلے ہفتے **NDA** کی شراکت دار اور اپوزیشن پارٹیوں سے اِس سلسلے میں رابطہ قائم کیا گیا۔

**SB - JP Nadda**

ہمارے نامہ نگار نے جناب رادھا کرشنن کے حالات زندگی اور کاموں پر ایک نظر ڈالی ............

**VC - Vishnu**

جناب چندرپورم پونّو سامی رادھا کرشنن نے، ایک طالب علم لیڈر کے طور پر اپنی سیاسی زندگی کا آغاز کیا۔ وہ RSS اور جن سنگھ جیسی تنظیموں میں سرگرم رہے، تبھی سے انہوں نے سیاست کو، عوامی خدمت کے ایک وسیلے کے طور پر اپنایا۔

جناب رادھا کرشنن کو کوئمبٹور سے لوک سبھا کے لیے 2 بار چنا گیا۔ ممبر پارلیمنٹ کے طور پر وہ اقوام متحدہ میں بھارت کے پارلیمانی وفد کا حصہ رہے۔ تمل ناڈو میں انہوں نے بی جے پی کے ریاستی صدر کے طور پر خدمات انجام دیں۔ 2016 اور 2020 کے درمیان وہ Coir بورڈ کے چیئرمین رہے۔ جناب رادھا کرشنن نے جھارکھنڈ، تلنگانہ، پوڈوچیری اور مہاراشٹر کے گورنر کے طور پر بھی خدمات انجام دیں۔ جناب رادھا کرشنن تمل ناڈو کے شہر Tiruppur میں پیدا ہوئے۔

وہ جنوبی بھارت کے پہلے OBC رہنماء ہیں، جنہیں نائب صدر کے عہدے کے لیے نامزد کیا گیا ہے۔ وہ پیشے سے زراعت اور صنعت کے ماہر ہیں۔ اُنہیں اُن کی دیانتداری، دوراندیشی اور بے داغ سیاسی زندگی کے لیے جانا جاتا ہے۔

وِشنو پی ایس کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں اسلم بیگ

نائب صدر جمہوریہ کا انتخاب اگلے مہینے کی 9 تاریخ کو ہوگا۔ یہ انتخاب، جناب جگدیپ دھنکھڑ کے اپنے عہدے سے استعفیٰ دیے جانے کی وجہ سے کرایا جارہا ہے۔

اِسی دوران وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے خاص طور پر کہا کہ جناب رادھا کرشنن نے اپنی طویل سماجی زندگی میں خود کو وقف کر دیئے، انکسار اور دانشوری کے ذریعے خود کو ممتاز بنایا۔ وزیر اعظم نے یہ بھی کہا کہ جناب رادھا کرشنن نے مختلف عہدوں پر رہتے ہوئے، ہمیشہ سماجی خدمت اور پسماندہ طبقوں کو بااختیار بنانے پر توجہ دی ہے۔ وزیر اعظم مودی نے کہا کہ جناب رادھا کرشنن نے تمل ناڈو میں بالکل نچلی سطح پر وسیع پیانے پر کام انجام دیے ہیں اور انہیں مختلف ریاستوں میں ممبر پارلیمنٹ اور گورنر کے عہدوں کا زبردست تجربہ ہے۔

وزیر اطلاعات و نشریات اشونی ویشنو نے بھی جناب رادھا کرشنن کو NDA کی طرف سے نائب صدر جمہوریہ کے امیدوار کے طور پر نامزد کیے جانے پر مبارکباد دی ہے۔×

<u>Bihar Electoral Roll</u>

چناوَ کمیشن نے 65 لاکھ ووٹروں کی فہرست اَپلوڈ کر دی ہے، جن کے نام ووٹر فہرست کی خصوصی نظرِ ثانی مہم SIR کے بعد یکم اگست کو شائع بہار کے ووٹر فہرست کے مسودے سے ہٹا دیے گئے تھے۔

وہ ووٹر جن کے نام 2025 تک بہار کی ووٹر فہرست میں شامل تھے لیکن ووٹر فہرست کے مسودے میں شامل نہیں ہیں، ان کی فہرست بہار کے چیف الیکٹورل آفیسر کے دفتر کی سرکاری ویب سائٹ پر اَپلوڈ کر دی گئی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**V/C - Dharmendra**

بوتھ سطح کے افسران نے سیاسی پارٹیوں کے مقرر کردہ بوتھ سطح ایجنٹوں اور دیگر حکام کی مدد سے اُن ووٹروں کی فہرست تیار کی ہے، جن کے ذاتی معلومات سے متعلق فارم موصول نہیں ہوئے تھے۔ نوٹس میں مزید کہا گیا ہے کہ اس عمل سے ناخوش کوئی بھی شخص اپنی شکایت آدھار کارڈ کی کاپی کے ساتھ جمع کرا سکتا ہے۔

اس اقدام کے ذریعے ڈاؤن لوڈ کی جانے والی فہرست میں خارج شدہ ووٹروں کی تفصیلات، سیریل نمبر، **EPIC** نمبر، ووٹر کا نام، رشتہ داری کی نوعیت، رشتہ دار کا نام، پرانا پارٹ نمبر، پرانا سیریل نمبر، عمر اور جنس جیسی تفصیلات فراہم کی گئی ہیں۔ اس میں یہ وجہ بھی درج ہے کہ وہ یکم اگست کے ووٹر فہرست کے مسودے میں کیوں نہیں شامل کیے گئے۔

بہار میں ہونے والے انتخابات کے پیشِ نظر ووٹر فہرست کی خصوصی نظرِ ثانی **SIR** کے تحت خارج شدہ ووٹروں کی فہرست کو سپریم کورٹ کے عبوری حکم کے بعد شائع کیا گیا ہے۔ عدالتِ عالیہ نے چناؤ کمیشن کو ہدایت دی تھی کہ **65** لاکھ ووٹروں کے نام شائع کیے جائیں، جو ووٹر فہرست کے مسودے سے ہٹا دیے گئے تھے، اور ان کے ناموں کو ہٹانے جانے کی وجوہات بھی بتائی جائیں۔

پٹنہ سے دھرمیندر کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں شاہد حبیب

BREAK

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

China FM Visit

چین کے وزیرِ خارجہ اور چین کی کمیونسٹ پارٹی کے پولٹ بیورو ممبر **Wang Yi**، آج سے بھارت کا دو روزہ دورہ کر رہے ہیں۔ وہ قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال کی دعوت پر بھارت کا دورہ کر رہے ہیں۔ اس دوران چین کے وزیرِ خارجہ، بھارت اور چین کے درمیان سرحدی معاملے پر خصوصی نمائندوں کے **24**ویں دور کے مذاکرات میں شرکت کریں گے۔ بھارت کی طرف سے خصوصی نمائندے جناب ڈوبھال بھی اِس مذاکرات میں شامل رہیں گے۔

وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر بھی چین کے اپنے ہم منصب کے ساتھ دو طرفہ میٹنگ کریں گے۔×

Trump Zelensky Meet

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور یوکرین کے صدر وولودومیر زیلنسکی کی واشنگٹن میں آج ایک نہایت اہم میٹنگ ہونے جا رہی ہے، جس میں یوروپ کے سرکردہ رہنما بھی شریک ہوں گے۔ یہ میٹنگ ایسے موقع پر ہو رہی ہے، جب یوکرین کی جنگ کے فوری حل کے لیے دباؤ بڑھتا جا رہا ہے۔

اس اعلیٰ سطحی وفد میں برطانیہ کے وزیر اعظم کیر اسٹارمر، فرانس کے صدر ایمانوئل میخوں، جرمنی کے چانسلر **Fridrich Merz**، یوروپی کمیشن کی صدر **Ursula von der Leyen** اور **NATO** کے سکریٹری جنرل **Mark Rutte** شامل ہیں۔ رہنماؤں کی کوشش ہے کہ زیلنسکی کی پوزیشن کو مزید مضبوط بنایا جائے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ کسی بھی ممکنہ امن معاہدے میں یوکرین کی خود مختاری اور طویل مدّتی سلامتی کو کوئی نقصان نہ پہنچے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر صدر ٹرمپ نے ''روس پر بڑی پیشرفت'' کا عندیہ دیا ہے، تاہم تفصیلات فراہم نہیں کیں، جس کے بعد آنے والے مذاکرات کی سمت اور موضوع کے حوالے سے قیاس آرائیاں تیز ہو گئی ہیں۔×

IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات **IMD** نے گوا، مہاراشٹر اور گجرات میں اگلے **7** دن کے دوران شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے چھتیس گڑھ، اُڈیشہ، آندھرا پردیش، تلنگانہ، کرناٹک، کونکن، گوا اور وسطی مہاراشٹر کے علاقوں میں آج شدید بارش کے لیے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ **IMD** نے کہا کہ گجرات، وِدربھ، مدھیہ پردیش، مراٹھ واڑہ، کیرالہ اور ماہے میں آج الگ الگ مقامات پر شدید سے بہت شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے مزید کہا کہ جموں و کشمیر، بہار، جھارکھنڈ، اُڈیشہ، مغربی بنگال، سکّم اور انڈومان اور نکوبار جزائر میں اگلے کچھ دنوں کے دوران گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ہے۔×

Punjab Flood

ہماچل پردیش میں لگاتار بارش اور جموں خطّے میں بادل پھٹنے سے پنجاب میں راوی اور بیاس دریاؤں میں پانی کی سطح میں اضافہ ہو گیا ہے۔ پٹھان کوٹ گروداس پور، کپورتھلا، ہوشیارپور، فضلکا اور فیروزپور ضلعوں میں ان دریاؤں کے قریب رہنے والے باشندے سیلاب کے خطرے کے باعث رات کو سکون سے سو نہیں پائے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C - Rajesh Bali**

کپورتھلا اور ہوشیارپور میں **20** سے زیادہ گاؤں اور پٹھان کوٹ ضلع میں تقریباً **10** گاؤں دریاؤں میں تغیانی کے سبب متاثر ہوئے ہیں۔ ہزاروں دیہی باشندوں کو محفوظ مقامات پر لایا گیا ہے۔ ہوشیاپور اور کپورتھلا ضلعوں میں دھان کی کھڑی فصلیں بھی تباہ ہو گئی ہیں۔ متعلقہ انتظامیہ نے سینئر حکام کو **24** گھنٹے ڈیوٹی پر رہنے کے لیے کہا ہے۔ انتظامیہ نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ محفوظ جگہوں پر منتقل ہو جائیں۔

راجیش بالی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں شاہد حبیب

G Kishan Reddy

کوئلہ کانوں کے مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے تعمیراتی کمپنیوں سے اپیل کی ہے کہ وہ پوری دنیا میں رونماء ہونے

والی تبدیلیوں کی پیش نظر، تعمیرات کے شعبے میں، ملک میں ہی تیار کیے گئے سامان کا استعمال کریں۔ وزیر موصوف نے حیدرآباد پراپرٹی شو 2025 میں شرکت کرتے ہوئے کہا کہ حیدرآبار میں تعمیرات کے شعبے میں زبردست اُچھال آئے گا اور تعمیراتی کمپنیوں کو چاہیے کے وہ صارفین کے مفاد میں کام کریں۔ انہوں نے تعمیرات کے شعبے کے لیے حکومت کی طرف سے سبھی طرح کی ضروری مدد کا یقین دلایا۔ انہوں نے کہا کہ البتہ بلڈرز کو چاہیے کہ وہ مکانات کی تعمیر میں کوالٹی سے سمجھوتہ نہ کریں۔ جناب ریڈی نے کہا کہ حیدرآباد، تعمیرات کے شعبے کے ساتھ ساتھ IT اور دوا سازی کے شعبے میں تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے۔ مرکز، قومی شاہراہوں کی تعمیر کے لیے بنیادی ڈھانچہ فراہم کرنے میں، ریاستی سرکار کی حوصلہ افزائی کررہا ہے۔×

Arunachal Assembly Session

اروناچل پردیش قانون ساز اسمبلی آج ایک خصوصی اجلاس منعقد کرے گی، تاکہ گولڈن جوبلی تقریبات کے اختتام کو یادگار بنایا جاسکے۔ اسمبلی نے 1975 میں اپنے قیام سے لے کر اِس سال اپنی 50 سالہ تاریخ مکمل کرلی ہے۔

جولائی میں شروع ہونے والی یہ ماہ بھر کی تقریبات آج کے خصوصی اجلاس کے ساتھ اختتام پذیر ہوں گی، جس میں اسمبلی کی 5 دہائیوں پر مشتمل قانون ساز اور جمہوری ارتقا پر غور وفکر کیا جائے گا۔×

Gaza Relocation

فلسطین کے ملیٹنٹ گروپ حماس نے غزہ شہر سے یہاں کے مکینوں کو دوسری جگہوں پر بسانے کے اسرائیل کے منصوبے کو مسترد کر دیا ہے۔ اُس نے کہا ہے کہ اِس قدم سے، نئے سرے سے نسل کُشی کا سلسلہ شروع ہو جائے گا اور علاقے کے ہزاروں مکین بے گھر ہو جائیں گے۔ فلسطین کے اس گروپ نے اسرائیل پر الزام لگایا ہے کہ وہ جنوبی غزہ میں خیموں اور دیگر شیلٹر سامان کو منصوبہ بند طریقے سے استعمال کر رہا ہے تاکہ وہ بقول اُس کے شہریوں کے خلاف بڑے پیمانے پر جرائم سرزد کرنے کی حرکت کو پوشیدہ کر سکے۔×

Neeraj Chopra

موجودہ عالمی چیمپئن اور دو مرتبہ اولمپکس میں تمغہ حاصل کرنے والے نیرج چوپڑہ نے 2025 کے ڈائمنڈ لیگ کے فائنل میں، باقاعدہ طور پر جگہ بنا لی ہے۔ یہ مقابلے اس مہینے کی 27 اور 28 تاریخ کو سوئٹزرلینڈ کے شہر زیورِخ میں ہوں گے۔ چوپڑہ نے اگرچہ حال ہی میں Silesia مرحلے میں حصہ نہیں لیا تھا، لیکن اس سیزن کے شروع میں اُن کی کارکردگی کافی مضبوط رہی۔ انہیں محض دو مقابلوں سے 15 پوائنٹ حاصل ہیں اور اس طرح وہ مردوں کے نیزہ پھینکنے کے مقابلے کے فائنل میں پہنچے ہیں۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... شاہد حبیب

شکریہ - عمار

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخباروں نے الگ الگ خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

مہاراشٹر کے گورنر سی پی رادھا کرشنن، نائب صدر جمہوریہ کے عہدے کے لیے NDA کے امیدوار ہوں گے۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا کی سرخی ہے: ''سی پی رادھا کرشنن NDA کے نائب صدر جمہوریہ کے امیدوار نامزد۔''

اخبارات نے انتخابی کمیشن کی پریس کانفرنس کی خبر کو بھی شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ انقلاب کی سرخی ہے: ''راہل گاندھی 7 دن میں حلف نامہ دیں یا معافی مانگیں'' جبکہ روزنامہ راشٹریہ سہارا کی سرخی ہے:'' ہمارے لیے حکمراں جماعت اور اپوزیشن دونوں برابر۔''

چین کے وزیر خارجہ Wang Yi آج بھارت کے دو روزہ دورے پر آ رہے ہیں۔ اس خبر کو بھی اخبارات نے جگہ دی ہے۔ روزنامہ انقلاب کی سرخی ہے۔''چین کے وزیر خارجہ آج سے بھارت کے دورے پر۔''

عالمی خبروں کے صفحے پر روزنامہ انقلاب کی اہم خبر ہے''پاکستان میں بادل پھٹنے اور بجلی گرنے سے شدید تباہی، 328 افراد کی موت''

یوکرین کو حاصل حمایت کے ضمن میں روزنامہ راشٹریہ سہارا کی سرخی ہے ''بالٹک اور نورڈک ممالک نے یوکرین کی حمایت کی۔ اخبار کے مطابق، خطّے کے 8 ممالک نے یوکرین کی خود مختاری، آزادی اور علاقائی سالمیت کے لیے اپنی مضبوط حمایت کی توثیق کی ہے۔×

<u>آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر</u>

1- مہاراشٹر کے گورنر سی پی رادھا کرشنن، نائب صدر جمہوریہ کے انتخاب کے لیے، NDA کے امیدوار ہوں گے۔

2- وزیر اعظم نریندر مودی نے یہ کہتے ہوئے اِس فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے کہ جناب رادھا کرشنن نے ہمیشہ سماجی خدمت اور پسماندہ طبقوں کو بااختیار بنانے پر توجہ مرکوز کی ہے۔

3- انتخابی کمیشن نے خصوصی تفصیلی نظرثانی کے بعد بہار چناؤ فہرست کے مسودے سے نکالے گئے 65 لاکھ ووٹروں کی فہرست جاری کردی ہے۔

4- چین کے وزیر خارجہ Wang Yi آج سے بھارت کا 2 روزہ دورہ کر رہے ہیں۔

5- سرکردہ یوروپی رہنماء آج واشنگٹن میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور یوکرین کے صدر وولودیمیر زیلینسکی کے درمیان ہونے والی اہم میٹنگ میں شرکت کریں گے۔

6- اور بھارت کے نیزا پھینکنے کے مایۂ ناز ایتھلیٹ نیرج چوپڑا نے ڈائمنڈ لیگ 2025 کے فائنل کے لیے کوالیفائی کرلیا ہے۔ یہ مقابلہ زیورِخ میں 27 اور 28 کو ہوگا۔

<u>اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔</u>

\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~\~